سوال نمبر:15571

منجانب: سردار حسین بابک صاحب، رکن صوبائی اسمبلی

سوال	جواب
کیاوزیر توانائی وبرقیات ارشاد فرمائیں گے کہ (الف)سال 2013 سے 2018 تک توانائی وبرقیات کے کل کتنے منصوبے شروع کیے گئے ہیں مذکورہ منصوبوں سے کتنے میگاواٹ بجلی پیدا ہوگی نیز یہ منصوبے حکومت نے اپنے صوبے کے وسائل سے شروع کیے ہیں یاپارٹنرشپ کے ذریعے شروع کیے گئے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔	(الف) 1۔ پیڈو نے گزشتہ پانچ سالوں میں جو منصوبے شروع کیے ہیں ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔ (جدول نیچے) 2۔ مذکورہ بالا منصوبے حکومت نے اپنے وسائل یعنی سالانہ اے۔ڈی۔پی اور ہائیڈل ڈویلپمنٹ فنڈ سے شروع کیے ہیں۔

نمبر شمار	منصوبے کانام، جگہ	پیداواری صلاحیت	کل لاگت
1	مٹلتان ہائیڈروپاور پراجیکٹ	84 میگاواٹ	20722.94 ملین
2	لاوی ہائیڈروپاور پراجیکٹ	69 میگاواٹ	20087 ملین
3	کوٹو ہائیڈروپاور پراجیکٹ	40.8 میگاواٹ	13998.89 ملین
4	کروڑہ ہائیڈروپاور پراجیکٹ	11.6 میگاواٹ	4.62 ملین
5	جبوڑی ہائیڈروپاور پراجیکٹ	10.2 میگاواٹ	3789.6 ملین
6	356- منی ہائیڈل سٹیشنز	34.7 میگاواٹ	5.5 ملین
	ٹوٹل	250.3 میگاواٹ	58608.55 ملین